## سانحہ کھوڑی گارڈن اور غریب و متوسط طبقہ کے عوام کے پریشان کن حالات اور مصائب کے پیش نظر
## میری سالگرہ انتہائی سادگی سے منائیں۔ایم کیوایم کے کارکنوں سے الطاف حسین کی اپیل
## سالگرہ کے حوالے سے پہلے سے طے شدہ تمام ورائٹی پروگرام منسوخ کردیئے جائیں، جاں بحق ہونے والوں کے لواحقین کا غم بانٹیں اور غریب و مستحق عوام کی دادرسی کی جائے
## غریب عوام آٹے اور چینی کیلئے شدید گرمی اور حبس میں لمبی لمبی قطاریں لگارہے ہیں،
## شدید غربت، فاقہ کشی اور مہنگائی کی وجہ سے بہت سے غریب اپنے بچے تک فروخت کرنے پر مجبور ہوگئے ہیں

لندن۔۔۔16 ستمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کے کارکنوں سے اپیل کی ہے کہ وہ سانحہ کھوڑی گارڈن اور غریب و متوسط طبقہ کے عوام کے مصائب اور پریشان کن حالات کے پیش نظر ان کی 56ویں سالگرہ انتہائی سادگی سے منائیں۔اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ ملک کے ہر شہر میں غریب عوام آٹے اور چینی کیلئے شدید گرمی اور حبس میں لمبی لمبی قطاریں لگارہے ہیں، دھکے اور لاٹھیاں کھارہے ہیں، سانحہ کھوڑی گارڈن میں 18 معصوم خواتین شہید ہوگئیں، اسی طرح لاہور، سرگودھا، فیصل آباد اور ملک کے مختلف شہروں میں بھی کئی معصوم و بے گناہ خواتین اور ضعیف العمر بزرگ بھی جاں بحق ہوچکے ہیں، ملک میں مہنگائی روز بروز بڑھ رہی ہے، اور غریب و متوسط طبقہ کے عوام انتہائی پریشانی کی حالت میں ہیں اور شدید غربت، فاقہ کشی اور مہنگائی کی وجہ سے بہت سے غریب اپنے بچے تک فروخت کرنے پر مجبور ہوگئے ہیں۔جناب الطاف حسین نے کارکنوں سے اپیل کرتے ہوئے کہا کہ وہ سانحہ کھوڑی گارڈن، لاہور، سرگودھا، فیصل آباد اور ملک کے مختلف شہروں میں معصوم شہریوں کے جاں بحق ہونے اور غریب و متوسط طبقہ کے عوام کو درپیش مصائب و مشکلات کے پیش نظر ان کی سالگرہ انتہائی سادگی سے منائی جائے، سالگرہ کے حوالے سے پہلے سے طے شدہ تمام ورائٹی پروگرام منسوخ کردیئے جائیں اور جاں بحق ہونے والوں کے لواحقین کا غم بانٹیں اور غریب و مستحق عوام کی دادرسی کریں۔

## شعیب احمد بخاری، عبدالحسیب کی مولانا مفتی محمد نعیم سے ملاقات
## حساس موضوع کے حوالے سے حقیقت پسندانہ اور حق پرستانہ بیان پر دلی تشکر کا اظہار کیا

کراچی:۔۔۔16 ستمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن شعیب احمد بخاری اور حق پرست صوبائی وزیر عبدالحسیب نے بنوریہ یونیورسٹی انٹرنیشنل کے ریکٹر مولانا مفتی محمد نعیم سے ملاقات کی اور حساس موضوع کے حوالے سے حقیقت پسندانہ بیان پر دلی تشکر کا اظہار کیا۔ ملاقات میں شعیب احمد بخاری اور عبدالحسیب نے مجلس تحفظ ختم نبوت کے رہنماؤں مولانا اللہ وسایا، مولانا عزیزالرحمان رحمانی، مولانا محمد یحییٰ لدھیانوی، مولانا مفتی محمد شاہد، مولانا غیاث الدین، مولانا محمد طیب لدھیانوی کا شکریہ ادا کیا۔اس موقع پر انہوں نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے بھی حساس معاملہ پر بروقت حق پرستانہ بیان جاری کرنے پر خصوصی طور پر دلی تشکر کا اظہار کیا۔

## ایم کیوایم ہی ملک و قوم کی تقدیر سنوار سکتی ہے، سیف یار خان
## ایم کیوایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے تحت گلشن اقبال میں افطار پارٹی کے اجتماع سے خطاب

کراچی۔۔۔16 ستمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن سیف یار خان نے کہا ہے کہ ایم کیوایم غریب و متوسط طبقے کی جماعت ہے اور ایم کیوایم ہی ملک و قوم کی تقدیر سنوار سکتی ہے۔ یہ بات انہوں نے گزشتہ روز ایم کیوایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے زیراہتمام گلشن اقبال مدینہ کالونی میں منعقدہ افطار پارٹی کے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔افطار پارٹی کے اجتماع میں حق پرست رکن سندھ اسمبلی مزمل قریشی، علاقے کے عمائدین، سیاسی و سماجی شخصیات اور علاقہ کے مکینوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔سیف یار خان نے کہا کہ ایم کیوایم کے خلاف بدترین آپریشن کے مرکزی کرداروں کی جانب سے جناح پور کی سازش کو ڈرامہ قرار دینا اس بات کا ثبوت ہے کہ ایک منظم سازش کے تحت ملک بھر بالخصوص پنجاب کے عوام کو ایم کیوایم سے بدظن کرنے کی کوشش کی گئی لیکن وقت نے ثابت کردیا ہے کہ ایم کیوایم محبّ وطن جماعت تھی، ہے اور رہے گی۔

## الطاف حسین کی 56ویں سالگرہ، نائن زیرو، ایم پی اے ہاسٹل اوراطراف کی گلیوں کو برقی قمقموں سے سجادیا گیا، مبارکباد کے بینروں کی بہار

کراچی:۔۔۔16 ستمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی 56ویں سالگرہ کے سلسلے میں ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو، ایم پی اے ہاسٹل، خورشید بیگم میموریل اوراطراف کی گلیوں کو برقی قمقموں سے سجادیا گیا جس کے باعث تمام علاقہ بقعہ نور بنا ہوا ہے۔ایم کیوایم کے مختلف شعبہ جات اور سیکٹرز کی جانب سے بڑی تعداد میں تہنیتی بینرز لگائے گئے ہیں جن پر سالگرہ کے حوالے سے اشعار اور جناب الطاف حسین کو 56ویں سالگرہ کی مبارکباد کے کلمات جلی حروف میں تحریر ہیں۔ جناب الطاف حسین کی سالگرہ کے سلسلے میں عوام وکارکنان میں زبردست جوش وخروش دیکھنے میں آرہا ہے اوروہ اپنی فیملیوں کے ہمراہ نائن زیرو اوراطراف کی گلیوں کی سجاوٹ دیکھنے آرہے ہیں۔نائن زیرو آنے والے ایم کیوایم کے کارکنان وعوام کے چہرے خوشی سے دمک رہے تھے بعض افراد نے اپنے ہاتھوں میں ایم کیوایم کے پرچم اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی تصاویر بھی اٹھا رکھی تھیں۔ جناب الطاف حسین کی 56ویں سالگرہ کے سلسلے میں 16 ستمبر بدھ کی شب 12 بجے کارکنان جمع ہوں گے اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کو سالگرہ کی دلی مبارکباد پیش کریں گے اس موقع پر قائد تحریک جناب الطاف حسین بھی مبارکباد دینے کیلئے آنے والے کارکنان کے اجتماع سے خطاب کریں گے۔

## قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ۵۶ویں سالگرہ کے موقع پر اے پی ایم ایس او کی مرکزی کابینہ کی جانب سے مبارکباد

کراچی:۔۔۔16 ستمبر 2009ء

آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کے چیئر مین وار اکین مرکزی کابینہ نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی 56ویں سالگرہ کی دلی مبارکباد پیش کی ہے۔اپنے تہنیتی پیغام میں انہوں نے کہا کہ پاکستان کے عوام کو مایوسی، محرومیوں اورناانصافیوں کے اندھیروں سے نکالنے کیلئے 17 ستمبر کو بقاء وسلامتی کی جوکرن الطاف حسین کی شکل میں ظاہر ہوئی آج اس کی روشنی ظلم وجبر کے اندھیروں کوتواتر کیساتھ چھانٹ رہی ہے اورانشاءاللہ وہ دن دور نہیں ملک سے جاگیردارانہ، وڈیرانہ اورسرمایہ دارانہ نظام کا مکمل خاتمہ ہوجائے گا۔ انہوں نے کہا کہ حق پرست شہداء نے تحریک کی آبیاری کیلئے اپنے لہو کے جونذرانے پیش کئے ہیں اسے ہرگز رائیگاں نہیں جانے دیا جائے گا اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت میں حق پرستی کی تحریک اپنی منزل پرضرور پہنچے گی۔اے پی ایم ایس او کی مرکزی کابینہ کے ارکان نے جناب الطاف حسین کی درازی عمر اورصحت وعافیت کیلئے بھی دعا کی۔

## الطاف حسین کی سالگرہ کے موقع پر حق پرست سندھ اسمبلی رضا حیدر نے اورنگی ٹاؤن میں سینکڑوں مستحق افراد میں ملبوسات تقسیم کئے

کراچی:۔۔۔16 ستمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست رکن سندھ اسمبلی سید رضا حیدر نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی سالگرہ کے موقع پر اورنگی ٹاؤن سیکٹر ساڑھے گیارہ ل بلاک میں سینکڑوں مستحق افراد میں ملبوسات تقسیم کئے اورانہیں جناب الطاف حسین کی سالگرہ کی دلی مبارکباد پیش کی۔اس دوران مستحق افراد نے بھی جناب الطاف حسین کو اپنی جانب سے سالگرہ کی مبارکباد پیش کی اوران کی درازی عمر اورصحت وتندرستی کیلئے دعائیں بھی کی۔اس موقع پر حق پرست رکن سندھ اسمبلی رضا حیدر نے کہا کہ جناب الطاف حسین کی تعلیمات کے مطابق غریب ومستحق افراد کی بلاتفریق خدمت کرنا ایم کیوایم کا نصب العین ہے اورایم کیوایم غریب ومستحق افراد کوعید کی خوشیوں میں شریک کرنے کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کرتی رہے گی

## کے ای ایس سی کی انتظامیہ نااہل ثابت ہوچکی ہے، ارکان سندھ اسمبلی
## طویل دورانیئے کی لوڈشیڈنگ کے باعث عوام کو لاحق مشکلات، پریشانیوں اورامن وامان کی صورتحال پر اظہار تشویش

کراچی:۔۔۔16، ستمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے رمضان المبارک کے دوران شہر میں طویل دورانیئے کی لوڈشیڈنگ پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ ایک جانب کے ای ایس سی سے صارفین کو زائد بلنگ کی شکایت عام ہیں تو دوسری جانب طویل دورانیئے کی لوڈشیڈنگ نے عوام کی زندگی اجیرن بنا رکھی ہے ۔انہوں نے کہا کہ لوڈشیڈنگ کے باعث شہر کی کاروباری، تعلیمی، تجارتی سرگرمیاں بھی شدید متاثر ہورہی ہیں، سحر وافطار کے موقع پر شہریوں کو شدید پریشانی کا سامنا ہے،، اسپتالوں میں ایمرجنسی آپریشن ملتوی کئے جارہے ہیں اوریہ تمام عوامل شہریوں میں احتجاج کے عنصر کو اجاگر کررہے ہیں جس کے باعث آئے روز میں کسی نہ کسی علاقے میں عوامی

احتجاج دکھائی دے رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ دراصل کے ای ایس سی کی انتظامیہ نااہل ثابت ہوچکی ہے، اس کی انتظامیہ کے بار بار کے دعوؤں کے باوجود بھی لوڈ شیڈنگ کے خاتمے کے بجائے آئے روز اس میں اضافہ ہی ہورہا ہے۔انہوں نے کہا کہ کے ای ایس سی کی انتظامیہ کو اپنی روش تبدیل کرنا چاہئے اور طویل دورانئے کی غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ کے باعث شہریوں کے احساسات اور جذبات کو سمجھنا چاہئے۔ارکان سندھ اسمبلی نے صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ رمضان المبارک میں شہر میں طویل دورانئے کی لوڈ شیڈنگ کا سختی سے نوٹس لیا جائے، لوڈ شیڈنگ کے خاتمے کیلئے ادارے کی انتظامیہ سے باز پرس کی جائے اور عوام کو بجلی کے بحران سے نجات دلانے کیلئے مثبت اقدامات بروئے کار لائے جائیں۔

## کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی:۔۔۔16ستمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم میڈیکل ایڈ کمیٹی سول اسپتال یونٹ کے کارکن محمد ناصر کے والد نور محمد، ایم کیو ایم لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 156 کے کارکن شکیل احمد کے والد عبدالرشید اور ایم کیو ایم کورنگی سیکٹر یونٹ 75 کے کارکن شہزاد کی والدہ محترمہ سعیدہ بیگم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے (آمین)

## ایم کیو ایم کورنگی ٹاؤن سیکٹر کے کارکن کی والدہ محترمہ کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی:۔۔۔16،ستمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم اقلیتی امور کمیٹی کورنگی ٹاؤن کی کمیٹی کے رکن ساگر بھٹی کی والدہ محترمہ زرینہ بھٹی کے انتقال پر اپنے گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ہے۔

## الطاف حسین کی جانب سے حق پرست شہداء کی فیملیز کے اعزاز میں 18 ستمبر کو جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں پروقار افطار ڈنر دیا جائے گا

کراچی:۔۔۔16ستمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی جانب سے 18 ستمبر بروز جمعہ کو شام ساڑھے 5 بجے جناح گراؤنڈ عزیز آباد حق پرست شہداء کی فیملیز کے اعزاز میں پروقار افطار ڈنر کا اہتمام کیا گیا ہے۔افطار ڈنر سے قائد تحریک جناب الطاف حسین لندن سے ٹیلی فونک خطاب کریں گے۔

☆☆☆☆☆